Fikr-o-Nasar (Islamabad) 3:1 (1965) © rasailojaraid.com

# الاستاذ علال الفاسی (مراکش)

## حق خود ارادیت اور مسلم اقلیتیں

''تمام اسلامی حکومتیں اقوام متحدہ کے میثاق میں منسلک ہیں - سب کی سب تمام قوموں کے لئے حق خود ارادیت کی قائل ہیں - اور ان میں سے ہر ایک کا یہ مطالبہ ہے کہ ہر قوم کو اپنے اوپر حکومت کرنے کا حق ہونا چاہیئے - غرض اس پر سب مسلمانوں کا اتفاق ہے کہ اس اصول پر عمل کرنے کی ضرورت ہے - اسی حق کے بارے میں امیر عبد الکریم الخطابی (مرحوم) نے فرمایا تھا '' قوموں کے حق میں سے کوئی حق بھی اس سے کہ ہر قوم اپنے اوپر خود حکومت کرے ، زیادہ مقدس اور اعلا نہیں '' -

خدا کا شکر ہے کہ تمام مسلمان قومیں اسلام پر ایمان رکھتی ہیں - ان کا ضمیر بیدار ہے اور انہیں اسلام سے محبت ہے - اس کے باوجود کہ ان کے بعض افراد راہ راست سے بھٹک گئے ہیں اور اس کے باوصف کہ اجنبی اثرات کا ان پر تسلط ہے ، مسلمان قوموں کی سب سے بڑی آرزو یہی ہے کہ خدا کرے وہ دن جلد آئے جب ان کے ہاں صحیح معنوں میں اسلامی حکومت قائم ہو -

مسلمانوں کی ایک تو غالب اکثریتیں ہیں - جو اپنے اپنے ملکوں میں آزاد ہیں - اس وقت ان کے سامنے سب سے بڑا مقصد یہ ہونا چاہیئے کہ وہ ہر قسم کے اجنبی تسلط سے آزاد ہوں ، خواہ وہ تسلط زبان کا ہو ، یا افکار کا - یا وہ تسلط اقتصادی ہو یا سیاسی -

دوسرے مسلمانوں کی اقلیتیں ہیں ، خواہ وہ کہیں کم ہیں یا کہیں زیادہ - اب ان کے اور ان کے مسلمان بھائیوں کے درمیان دیوار کھینچ دی

© rasailojaraid.com